روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 11 اپریل 2005ء ہجری 11 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 78

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف پر تدبر کرو اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے۔ اور آئندہ زمانے کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بہ تازہ ملتے ہیں۔ انجیل میں مذہب کو کامل طور پر بیان نہیں کیا گیا۔ اس کی تعلیم اس زمانے کے حسب حال ہوتو ہو لیکن وہ ہمیشہ اور ہر حالت کے موافق ہرگز نہیں۔ یہ فخر قرآن مجید ہی کو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے۔ اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کے دور کرنے کا طریق بھی بتایا ہے۔ اس لئے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 102)

قرآن شریف کو پڑھو اور خدا سے کبھی ناامید نہ ہو۔ مومن خدا سے کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ یہ کافروں کی عادت میں داخل ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے مایوس ہوجاتے ہیں۔ ہمارا خدا علی کل شی قدیر خدا ہے۔ قرآن شریف کا ترجمہ بھی پڑھو اور نمازوں کو سنوار سنوار کر پڑھو اور اس کا مطلب بھی سمجھو۔ اپنی زبان میں بھی دعائیں کرلو۔ قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو بلکہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ کر پڑھو۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 191)

قرآن شریف اپنی روحانی خاصیت اور اپنی ذاتی روشنی سے اپنے سچے پیرو کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ اور اس کے دل کو منور کرتا ہے اور پھر بڑے بڑے نشان دکھلا کر خدا سے ایسے تعلقات مستحکم بخش دیتا ہے کہ وہ ایسی تلوار سے بھی ٹوٹ نہیں سکتے جو ٹکڑا ٹکڑا کرنا چاہتی ہے۔ وہ دل کی آنکھ کھولتا ہے اور گناہ کے گندے چشمہ کو بند کرتا ہے۔ اور خدا کے لذیذ مکالمہ مخاطبہ سے شرف بخشتا ہے اور علوم غیب عطا فرماتا ہے اور دعا قبول کرنے پر اپنے کلام سے اطلاع دیتا ہے۔

(چشمہ معرفت. روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 308-309)

میں بار بار کہتا ہوں اور بلند آواز سے کہتا ہوں کہ قرآن اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت رکھنا اور سچی تابعداری اختیار کرنا انسان کو صاحب کرامات بنا دیتا ہے۔

(ضمیمہ انجام آتھم. روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 345)

فرشتے سایہ کرتے ہیں

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ جو لوگ اللہ کے گھروں میں اکٹھے ہوکر قرآن کریم پڑھتے اور ایک دوسرے کو سکھاتے ہیں ان پر سکینت نازل ہوتی ہے اور خدا کی رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے ان پر سایہ کرتے ہیں اور اللہ ان لوگوں کا اپنے فرشتوں سے ذکر کرتا ہے۔

(سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ باب ثواب قراءۃ القرآن حدیث نمبر 1243)

دعا کی خصوصی درخواست

حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ بیگم حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب (والدہ ماجدہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) کا اپنڈیکس کا آپریشن چند دن قبل فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ہوا ہے طبیعت خدا کے فضل سے بہتر ہو رہی ہے۔ احباب جماعت خصوصی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے بھائی محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب کا چند دن پہلے الشفا انٹرنیشنل اسلام آباد میں پھیپھڑے کا آپریشن ہوا تھا۔ جو الحمدللہ کامیاب رہا لیکن اب اچانک نمونیہ کے حملہ کی وجہ سے طبیعت خاصی بگڑ گئی ہے۔ ڈاکٹر تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ وعاجلہ فرمائے۔

داخلہ عائشہ دینیات اکیڈمی ربوہ

دینیات کلاس میں داخلہ یکم اپریل 2005ء سے شروع ہے۔ درخواستیں سادہ کاغذ پر بنام پرنسپل بھجوائیں۔

امیدوار کا کم از کم میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔ ایف اے اور بی اے پاس خواتین اور بچیاں بھی دینی و علمی ترقی کے لئے داخل ہوکر استفادہ کریں۔

سال میں چار سمیسٹرز کے دوران مختصر اور اہم نصاب پڑھایا جاتا ہے۔

فیس داخلہ -/20 روپے اور ماہانہ فیس -/10 روپے ہے۔

کورس کی کتابیں طالبات کو ادارہ کی لائبریری سے مہیا کی جاتی ہیں۔ عمر کی کوئی حد مقرر نہیں۔ زیادہ سے زیادہ خواتین اور بچیاں داخل ہوکر مستفید ہوں۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

159

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

پُر اثر منظوم کلام

حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی رفیق حضرت مسیح موعود نے ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں راجیکی میں ہی حاصل کی۔ اس کے بعد حضرت قاضی محمد اکمل صاحب کے والد حضرت مولوی امام الدین صاحب کی خدمت میں موضع گولیکی حاضر ہوئے اور مثنوی مولانا روم پڑھنے کا اشتیاق ظاہر کیا۔ جسے حضرت مولوی صاحب موصوف نے منظور فرمالیا۔ ان ایام میں آپ اپنے خاندانی طریق کے مطابق کثرت سے مختلف قسم کے وظائف کا ورد کیا کرتے تھے اور جنگلوں اور ریگستانوں میں جا کر گھنٹوں یاد الٰہی میں تڑپ تڑپ کر دعائیں مانگا کرتے تھے۔

آپ کی بیعت کی تقریب یوں پیدا ہوئی کہ ان ایام میں جب آپ حضرت مولوی امام الدین صاحب سے مثنوی روم کا دفتر چہارم پڑھ رہے تھے۔ حسن اتفاق سے مسجد میں پولیس کا ایک سپاہی آ گیا جس کے پاس حضرت مسیح موعود کی کتاب ''آئینہ کمالات اسلام'' تھی۔ وہ کتاب اس سے عاریۃً حضرت مولوی امام الدین صاحب نے حاصل کر لی اور مطالعہ کرنے کے لئے اپنے ساتھ اپنے گھر لے گئے۔ دوسرے روز آپ بھی کسی کام کے لئے حضرت مولوی صاحب کے مکان پر پہنچے۔ وہاں کتاب پڑی تھی۔ کھولتے ہی آپ کی نظر حضرت اقدس کے اس شعر پر پڑی۔

عجب نوریست درجان محمدؐ
عجب لعلیست درکان محمدؐ

اس نظم کو آپ نے شروع سے لے کر آخر تک اس حال میں پڑھا کہ سوز و گداز سے آپ کی آنکھوں سے آنسوؤں کی ایک جھڑی لگ رہی تھی اور جب اس شعر پر پہنچے کہ

کرامت گرچہ بے نام و نشاں است
بیا بنگرز غلمان محمدؐ

تو آپ کے دل میں تڑپ پیدا ہوئی کہ کاش! ایسے عظیم الشان بزرگ کی آپ کو زیارت ہو جائے۔ چنانچہ حضرت مولوی صاحب جب گھر سے باہر تشریف لائے تو ان سے آپ نے دریافت کیا کہ یہ منظومات عالیہ کس بزرگ کے ہیں؟ مولوی صاحب نے بتایا کہ قادیان ضلع گورداسپور میں مرزا غلام احمد صاحب نام کے ایک بزرگ ہیں اور مسیح موعود اور امام مہدی ہونے کے مدعی ہیں۔ یہ کلام ان کا ہے۔ اس پر بے اختیار آپ کی زبان سے یہ فقرہ نکلا کہ یہ شخص بہت بڑا عاشق رسول ہے۔

اس کے بعد آپ نے ستمبر یا اکتوبر 1897ء میں حضرت مولوی صاحب موصوف کے ساتھ قادیان پہنچ کر حضرت اقدس کے دست حق پرست پر بھی بیعت کرنے کا شرف حاصل کرلیا۔ واپسی پر اپنے علاقہ کے طول و عرض میں دیوانہ وار دعوت الی اللہ شروع فرما دی۔ جس کے نتیجہ میں آپ کی شدید مخالفت ہوئی مگر آپ نہ گھبرائے نہ پروا کی اور صبر و استقلال سے اپنا کام کرتے رہے۔

(حیات قدسی ص 16)

سب نے بیعت کرلی

حضرت مولوی محمد ابراہیم صاحب بقاپوری نے بیعت کی تو مخالفت پورے زور سے جاری ہوگئی۔ اس میں عوام کے علاوہ آپ کے والدین اور چھوٹا بھائی بھی شامل تھے۔ مگر آپ استقامت سے ایمان پر قائم رہے اور دعوت الی اللہ کرتے رہے۔ ایک سال کے اندر اندر آپ کے والد صاحب، چھوٹا بھائی اور دونوں بھاوجوں نے بیعت کرلی۔ آپ کے بڑے بھائی نے خلافت اولیٰ میں بیعت کی۔

(رفقاء احمد جلد 10 ص 215)

دعوت الی اللہ کی برکت

برطانیہ کے ایک 58 سالہ مخلص احمدی جو دل کے مریض ہیں اور ان کا بائی پاس کا اپریشن ہو چکا ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ:

''ایک دن میں نے اپنے جواں سال بیٹے کے مشورہ کے ساتھ یہ پروگرام بنایا کہ ہم دونوں باپ بیٹا سارا دن گھر گھر جا کر پمفلٹ دیں گے۔ چنانچہ مقررہ دن ہم نے مسلسل آٹھ گھنٹے یہ کام کیا اور پسینے سے شرابور ہوگئے اور تھکاوٹ بھی بہت ہوئی۔ تاہم اسی روز رات کو خواب میں حضرت اقدس مسیح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی زیارت نصیب ہوئی جس سے دل و دماغ خوشی و مسرت سے معطر ہوگئے اور نہ صرف یہ کہ ہر قسم کی تھکاوٹ بھول گئی بلکہ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ خدا تعالیٰ نے اس طرح اپنی محبت اور رضا کا اظہار فرمایا ہے''۔

(الفضل سالانہ نمبر 28 دسمبر 2001ء ص 35)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سالانہ تقریب تقسیم انعامات 2004

۞ مورخہ 2۔ اپریل 2005ء کو مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ کے زیر اہتمام انصاراللہ پاکستان کے ہال میں بعد نماز عصر سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان تھے۔ مکرم صدیق منور صاحب منتظم عمومی انصاراللہ مقامی نے رپورٹ پیش کی جس میں سال بھر کی نمایاں کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی۔ محترم مہمان خصوصی نے پوزیشنز حاصل کرنے والی مجالس میں انعامات تقسیم کئے۔ تقسیم انعامات کے بعد مکرم صاحبزادہ مرزا عبدالصمد احمد صاحب سیکرٹری مجلس کارپرداز نے نظام وصیت کی اہمیت کے موضوع پر حاضرین سے خطاب کیا۔ ازاں بعد مکرم چوہدری نصیر احمد صاحب زعیم اعلیٰ انصاراللہ مقامی ربوہ نے عہدیداران کو ترغیب دلائی کہ جلد از جلد احباب جماعت کو اس آسمانی نظام میں شریک کریں۔ تقریب کے آخر میں محترم مہمان خصوصی نے خطاب کیا اور وصیت کے حوالے سے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ کیا۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی نماز مغرب و عشاء کی ادائیگی کے بعد حاضرین و مہمانان کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔

شکریہ احباب

۞ مکرمہ خالدہ احمد صاحبہ تحریر کرتی ہیں کہ میرے شوہر میجر غفور احمد صاحب ابن میجر عبدالحمید صاحب شرما 10 فروری کو دل کے شدید حملے سے اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہوگئے۔ ان کی اس اچانک وفات پر جس طرح احباب جماعت نے تعزیت کی۔ میں ان سب کی بے حد ممنون ہوں۔ ہمارے حلقہ نشاط کالونی کے عہدیداروں نے ان کی تجہیز و تکفین اور جنازے کا انتظام کیا۔ شدید بارش اور مختصر وقت کے باوجود احباب و خواتین کثیر تعداد میں نماز جنازہ میں شامل ہوئے۔ ربوہ میں ان کے جنازے اور تدفین کے انتظامات میں ربوہ کی مقامی انتظامیہ نے بھرپور تعاون کیا۔ خاندان حضرت مسیح موعود کی خواتین ربوہ اور لاہور میں تسلی دینے کیلئے تشریف لاتی رہیں۔ تمام دنیا سے بذریعہ ٹیلی فون سب ملنے والوں اور عزیزوں نے تعزیت ہمدردی اور دعاؤں سے تسلی دی لاہور میں کثرت سے احمدی خواتین میرے گھر تعزیت کیلئے آتی رہیں۔ میں سب کی تہہ دل سے ممنون ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب کو اجر عظیم دے۔ تمام بزرگان سلسلہ اور احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے شوہر کو مغفرت کی چادر میں ڈھانپ لے۔ میرا اور میرے بچوں کا خود حافظ و ناصر ہو۔ ہم سب کو صبر جمیل دے۔ آمین

دارالصناعۃ میں داخلہ

۞ دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 6/1 فیکٹری ایریا ربوہ میں داخلے جاری ہیں۔ مندرجہ ذیل کورسز میں داخلوں کیلئے درخواستیں مقررہ فارم پر جو ادارے سے دستیاب ہو سکتے ہیں، مطلوب ہیں۔ فوری رابطہ کریں۔ کلاسز کے اوقات درج ذیل ہیں۔

صبح 8 بجے تا 1 بجے   دوپہر 3 بجے سے 7 بجے

1۔ آٹو مکینک۔ 2۔ ریفریجریشن ائیر کنڈیشننگ 3۔ وڈ ورک۔ 4۔ پلمبر

(نگران دارالصناعۃ)

درخواست دعا

۞ مکرم مبارک احمد شاہد صاحب کارکن نظامت جائیداد کے چچا مکرم محمود احمد صاحب عارف درویش قادیان عمر قریباً 80 سال کو یکم اپریل 2005ء کو گرنے کی وجہ سے سر اور کولہے میں شدید چوٹیں آئی ہیں۔ اور اس وقت امرتسر کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی کامل و عاجل صحت یابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

۞ مکرم عبدالکبیر قمر صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے خاکسار کے بڑے بھائی مکرم عبدالقدیر صاحب کو ایک بیٹی کے بعد مورخہ 2/اپریل 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت نومولود کو وقف نو کی بابرکت تحریک میں منظور فرماتے ہوئے عبدالباری نام عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم عبدالکریم قدسی صاحب کا پوتا اور مکرم رحمت علی مرحوم آف کرتو ضلع شیخوپورہ کا نواسہ ہے۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے خادم دین اور نیک بنائے نیز والدین کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک ہو۔ (آمین)

(iii) ایک اور دن حضور نے اپنی مصروفیات کا

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹ اینڈ انجینئرز کی خدمات

ایک احمدی ہر وقت اپنی قابلیت اور صلاحیت کو جماعت کی بہتری کے لئے کام میں لائے

(قسط دوم)

عبدالرشید صاحب آرکیٹیکٹ

ذکر کرتے ہوئے مجھے مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ میں جماعت کی ساری ڈاک رات کو دیکھتا ہوں اور پھر رات کے دو بجے میں غیر ملکی ڈاک دیکھنی شروع کرتا ہوں۔ اور جس دن مجھے چار گھنٹے سونے کا وقفہ مل جائے۔ اس دن میں سمجھتا ہوں کہ میں بہت سویا۔

قصر خلافت کے مکمل ہونے پر جن آرکیٹیکٹ اور انجینئرز نے جماعت کے منصوبوں پر کام کیا تھا حضور نے ان کو ذاتی دعوت دی اور فرمایا۔ ’’آپ لوگوں کی خدمات جماعت کے لئے بہت سستی ہیں۔ میں اب اسلام آباد جا رہا ہوں اور واپس آ کر (واپس آ کر آپ نے قصر خلافت میں منتقل ہونا تھا) آپ کی ایک اور دعوت کروں گا۔‘‘ لیکن وہیں اسلام آباد میں آپ بیمار ہو گئے۔ اور اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے۔

حضور انور سے ایسوسی ایشن کے قیام کی منظوری کے بعد خاکسار نے اس معاملہ میں جلسہ سالانہ 1979ء کے موقعہ پر 22/دسمبر 1979ء کے روزنامہ الفضل میں اعلان شائع کر دیا۔ کہ احمدی آرکیٹیکٹ اور انجینئرز اپنے پتے اور ٹیلی فون نمبرز خاکسار کو دے دیں۔ تا کہ ایسوسی ایشن کے قیام کے لئے میٹنگ بلوائی جائے۔ لیکن کوئی خاص کامیابی نہ ہوئی۔ میرا پرائیویٹ پریکٹس کا دفتر اس وقت 4 منٹگمری روڈ لاہور میں تھا میں نے جلسہ سالانہ سے واپس لاہور جا کر بہت سے آرکیٹیکٹ اور انجینئرز جن کو خاکسار ذاتی طور پر جانتا تھا ٹیلی فون کئے اور ایک میٹنگ کی اپنے دفتر میں دعوت دی۔ اسی طرح چند اور میٹنگز بھی ہوئیں جن میں صرف آرکیٹیکٹ تشریف لائے۔

چنانچہ فیصلہ کیا گیا کہ احمدی آرکیٹیکٹ کو ضرور ایسوسی ایشن بنا لینی چاہئے اور آرکیٹیکٹ ایسوسی ایشن کے دو نام زیر بحث آئے۔ Ahmadiyya Architect Association اور International Architect Forum اس میں سے حضور نے دوسرے نام کو منظور فرمایا۔ اور پرائیویٹ سیکرٹری مکرم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب کی طرف سے اس کی درج ذیل منظوری آ گئی۔

آپ کی چٹھی مورخہ 25-3-80 جس میں آپ نے Architect Association کے لئے دو نام تجویز کر کے حضور اقدس کی خدمت میں منظوری کے لئے بھجوائے ہیں۔ حضور نے بعد ملاحظہ دوسرے نام Ahmadiyya International Architect Forum کی منظوری مرحمت فرما دی ہے۔ اور ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ’’ٹھیک ہے۔ اللہ تعالیٰ خدمت کی توفیق عطا کرے۔‘‘

حضور کا ارشاد بغرض اطلاع تحریر ہے۔

احمدیہ انٹرنیشنل آرکیٹیکٹ فورم کی حضور انور سے منظوری کے بعد عہدیداران کی منظوری بھی حضور نے فرما دی۔ جس کا اعلان روزنامہ الفضل ربوہ 21/جون 1980ء میں شائع کر دیا گیا۔ اس کی عبارت یہ تھی۔

احمدیہ انٹرنیشنل آرکیٹیکٹ فورم

حضور نے ازراہ شفقت احمدیہ انٹرنیشنل آرکیٹیکٹ فورم کے مندرجہ ذیل عہدیداران کی منظوری عطا فرمائی ہے۔

پریذیڈنٹ عبدالرشید صاحب
چارٹرڈ آرکیٹیکٹ اینڈ ٹاؤن پلینر
سیکرٹری محمد طارق صاحب آرکیٹیکٹ
ممبر وسیم ہاشمی صاحب آرکیٹیکٹ
ممبر ظفر قاضی صاحب آرکیٹیکٹ
ممبر عبدالشکور صاحب آرکیٹیکٹ
ممبر داؤد احمد صاحب آرکیٹیکٹ

ہر ملک کے کوالیفائیڈ آرکیٹیکٹ اور طالب علم اپنے کوائف مندرجہ ذیل پتہ پر بھیج کر اپنا نام رجسٹرڈ کروا لیں

Darul-Zikar Allama Iqbal Road Lahore Pakistan
عبدالرشید چارٹرڈ آرکیٹیکٹ و ٹاؤن پلینر
4 منٹگمری روڈ۔ لاہور

جب احمدیہ انٹرنیشنل آرکیٹیکٹ فورم اور عہدیداروں کی منظوری کا اعلان الفضل میں بعض انجینئرز نے پڑھا۔ تو انہوں نے بھی اس میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ اور اس معاملہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو لکھا۔

انجینئرز کے شامل ہونے کی خواہش کے پیش نظر اب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) کو آرکیٹیکٹ اور انجینئرز کی مشترکہ ایسوسی ایشن تشکیل دینے کے لئے ارشاد فرمایا۔ اور اس کا اعلان حضور نے 1980ء میں انصار اللہ مرکزیہ کے اجتماع کے بعد ایوان محمود ربوہ میں کیا۔ ایسوسی ایشن کی تشکیل کے اعلان کے ساتھ حضور نے تقریباً آدھ گھنٹہ خطاب فرمایا۔ اور مسلمان آرکیٹیکٹ انجینئرز کی بہت ساری مثالی بلڈنگز کا ذکر فرمایا۔ اس خطاب کے بعد حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) کی چیئرمین شپ میں ایک Constitution Committee تشکیل دی گئی۔ جن کے نام یہ ہیں۔

1۔ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) چیئرمین
2۔ افتخار علی قریشی صاحب انجینئر
3۔ عبدالرشید آرکیٹیکٹ
4۔ حمید احمد ظفر صاحب انجینئر
5۔ عمر سعید احمد صاحب انجینئر
6۔ مرزا مقصود احمد صاحب انجینئر
7۔ عطاء الرحمٰن صاحب انجینئر
8۔ سیف اللہ خاں صاحب انجینئر
9۔ چوہدری عبدالسمیع صاحب انجینئر
10۔ منیر احمد فرخ صاحب انجینئر

Constitution کے بنانے میں بہت ساری میٹنگ دارالضیافت ربوہ میں حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) کی زیر صدارت ہوئیں اور ایسوسی ایشن کے اغراض و مقاصد بنائے۔

1۔ یہ خالصتہً پروفیشنل ایسوسی ایشن ہوگی اور اس کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

2۔ دین حق کو ترقی دینا۔ آرکیٹیکچر اور انجینئرنگ کے پیشوں کو ترقی دینا۔

3۔ سائنسی ترقیات کو قرآن کریم کی تعلیم کی روشنی میں دیکھنا۔

4۔ احمدیہ جماعتوں کو آرکیٹیکچر اور انجینئرنگ پیشہ میں مدد کرنا۔

5۔ تحقیق اور ریسرچ میں رہنمائی کرنا اور اس طرح کے دوسرے اداروں سے تعاون۔

6۔ آرکیٹیکچر اور انجینئرنگ میں طالب علموں کی رہنمائی۔

7۔ ممبران کو جدید تحقیقات سے متعارف کروانا۔ اپنے اپنے پیشے میں اعلیٰ معیار کو حاصل کرنے میں مدد کرنا۔

8۔ اراکین میں خدمت، محنت۔ دیانتداری۔ سچائی اور اللہ تعالیٰ سے ذاتی اور پیشہ وارانہ کاموں میں رہنمائی حاصل کرنا۔

اس ایسوسی ایشن کے ممبر ہونے کے لئے آرکیٹیکچر اور انجینئرنگ میں ڈگری کا ہونا ضروری ہے۔ اور یہ ڈگری یا ڈپلومہ کسی قومی یا بین الاقوامی یونیورسٹی یا انسٹی ٹیوشن سے منظور شدہ ہو۔ اس میں اعزازی ممبرز کے لئے بھی شق رکھی گئی ہے۔ ہر احمدی جو آرکیٹیکٹ اور انجینئر ہے۔ وہ احمدی ہونے کی حیثیت سے ممبر ہے۔ لیکن ووٹ دینے کے لئے یا عہدیدار ہونے کے لئے اسے ممبر شپ کی فیس پوری ادا کرنی ہوگی (یعنی بقایا دار نہ ہو)

جب Constitution کمیٹی نے Constitution کو آخری شکل دے دی۔ تو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں منظوری کیلئے پیش کیا گیا۔ حضور نے منظوری عطا کرتے ہوئے احمدیہ آرکیٹیکٹ اینڈ انجینئرز ایسوسی ایشن کی سب سے پہلی مجلس عاملہ (1981-82ء) کی منظوری بھی عطا فرمائی۔

پہلی مجلس عاملہ

1۔ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) ربوہ پیٹرن
2۔ افتخار علی قریشی صاحب انجینئر صدر
3۔ عبدالرشید آرکیٹیکٹ
4۔ حمید احمد ظفر صاحب انجینئر
5۔ سیف اللہ خاں صاحب انجینئر
6۔ چوہدری عبدالسمیع خاں صاحب انجینئر
7۔ محمود مجیب اصغر صاحب انجینئر
8۔ عطاء الرحمٰن صاحب انجینئر
9۔ نعیم احمد خاں صاحب انجینئر
10۔ مرزا مقصود احمد صاحب انجینئر
11۔ منیر احمد فرخ صاحب انجینئر
12۔ محمود احمد شمس صاحب انجینئر
13۔ رشید احمد صاحب انجینئر
14۔ چوہدری عبدالغفور صاحب انجینئر
15۔ ناصر احمد صاحب انجینئر

دستور کے مطابق صدر کے لئے دونوں آرکیٹیکٹ اور انجینئرز الیکشن میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر صدر انجینئر ہو تو نائب صدر اول آرکیٹیکٹ اور نائب صدر دوم انجینئر ہوگا۔ لیکن صدر اگر آرکیٹیکٹ ہو تو نائب صدر اول انجینئر اور نائب صدر دوم آرکیٹیکٹ ہوگا۔ صدر انصار اللہ ایسوسی ایشن کا پیٹرن ہوتا ہے سب سے پہلے پیٹرن حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) تھے۔ دوسرے چوہدری حمید اللہ صاحب تیسرے محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب اور موجودہ پیٹرن محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد

صاحب ہیں۔

ایسوسی ایشن کا ہیڈ کوارٹر ربوہ ہے۔ جہاں ممبرز ہر سال ایک دفعہ سالانہ کنونشن کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں۔ جہاں مختلف پہلوؤں پر بحث ہوتی ہے۔ یہ کنونشن ایک دن کے لئے مقرر کیا جاتا ہے۔ غیر ممالک سے ممبرز کا اس کنونشن میں آنا عام طور پر ممکن نہیں ہوتا۔ اس لئے اس کا دائرہ حاضری پاکستان تک محدود ہے۔ پاکستان میں ایسوسی ایشن کے لوکل چیپٹرز ہر بڑے شہر میں ہیں۔ جو Professional Services کے لئے اپنی جماعتوں میں پیشہ وارانہ کام کے لئے مکمل تعاون کرتے ہیں۔ مرکز ہر سال ایک ٹیکنیکل میگزین شائع کرتا ہے۔ پاکستان سے باہر یورپین چیپٹر اور کینیڈین چیپٹرز جماعتی کاموں میں بہت مصروف ہیں۔ مرکزی میگزین کے علاوہ یورپین چیپٹر بھی اپنا سالانہ میگزین شائع کرتا ہے۔

ربوہ میں خدمات

1۔ روٹی پلانٹ مہمان خانہ کے لئے (2) ستا ٹیلی فون سسٹم جس میں منیر احمد فرخ صاحب کا نام خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ (3) نیا جنریٹر (قصر خلافت کے لئے) جس میں زیادہ تر ذمہ داری حمید ظفر صاحب کی تھی (4) ربوہ کے لئے Drainge System (5) جماعتی ریکارڈ کے لئے کمپیوٹر کا نظام (6) جلسہ گاہ صد سالہ جوبلی ربوہ۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس کے لئے ایک کمیٹی مقرر فرمائی تھی۔ اور خاکسار کو اس کا صدر نامزد کیا۔ جس میں دس لاکھ مہمانوں کی Capacity کے لئے ارشاد فرمایا۔ لیکن حضور کی لندن ہجرت کی وجہ سے اس پر کچھ میٹنگ کے بعد کام روک دیا گیا۔ (7) بیوت الحمد کوارٹرز جن کا ڈیزائن میجر بشیر احمد طارق اور میجر نواز منہاس صاحب نے کیا۔ (8) تحریک جدید کے گیسٹ ہاؤسز، جدید پریس، خلافت لائبریری اور اب اس کی توسیع (ڈاکٹر محمود حسین صاحب) (9) فضل عمر ہسپتال میں ایک تین منزلہ GYNY بلاک بنایا گیا ہے۔ جس کا ڈیزائن مکرم محمد طارق صاحب آرکیٹکٹ نے کیا۔ اس بلاک کے ساتھ ہی حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی یاد میں طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کی عمارت بن رہی ہے۔ اس بلڈنگ کا ڈیزائن آرکیٹکٹ قاسم احمد صاحب نے کیا ہے۔ (10) قصر خلافت۔ دارالاکرام، بیت مبارک کی توسیع۔ سوئمنگ پول۔ دارالضیافت جدید بلاک۔ ان کے ڈیزائن ڈاکٹر رفیق احمد ملک صاحب اور شفیق احمد ملک آرکیٹکٹ صاحب کے ذمہ تھے۔ (11) نیا انٹرنیشنل جامعہ کمپلیکس کے ڈیزائن کے لئے آرکیٹکٹ کا ایک پلان ہے۔ جس میں آرکیٹکٹ شفیق احمد ملک صاحب ایک مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ اور سائٹ کی نگرانی عطاء الرحمن صاحب انجینئر کے ذمہ ہے۔ (12) دفتر پرائیویٹ سیکرٹری، بک ڈپو، گیسٹ ہاؤسز انصار اللہ اور وقف جدید۔ (13) یادگار حضرت اماں جان۔ یادگار کا جو فلیٹ حصہ ہے وہ حضرت اماں جان کے کمرہ کی پیمائش پر بنایا گیا ہے۔

(14) نیا گھر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور احمد نگر کی ڈویلپمنٹ یہ سب میرے ڈیزائن میں اور میری نگرانی میں مکمل ہوئے۔

یورپین چیپٹر

جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 1984ء میں لندن ہجرت کی تو اس وقت یورپین چیپٹر کا کوئی وجود نہ تھا۔ لیکن آسٹریلیا کی بیت الذکر کا ڈیزائن زیر غور تھا۔ اس کی ابتدائی ڈرائنگ سردار منیر احمد صاحب آرکیٹکٹ نے تیار کی تھی۔ جب خاکسار 1985ء میں لندن گیا۔ تو مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب نے مجھے ایک لفافہ دیا جس میں آسٹریلیا بیت الذکر کی ڈرائنگ تھیں اور لفافے کے باہر کوئی 13 پوائنٹ لکھے ہوئے تھے۔ جو حضور انور نے ڈرائنگ کے متعلق چوہدری حمید اللہ صاحب کو لکھوائے تھے۔ چوہدری صاحب نے خاکسار کو کہا کہ ان پوائنٹ کی روشنی میں ڈرائنگ دیکھ لیں اور پھر حضور کو مل لیں۔ خاکسار جب حضور سے ملنے کے لئے گیا۔ اور پھر حضور کی ہدایت پر آسٹریلیا کی بیت کی ترامیم کی گئیں اور مختلف ممالک سے جو تعمیراتی منصوبے حضور کی خدمت میں پیش کئے جاتے تھے۔ حضور انور وہ خاکسار کو دے دیتے تھے۔ خاکسار ان کے ڈیزائن اور دوسرے پہلو دیکھ کے حضور انور سے منظوری لے کر ان ممالک کو بھجوا دیا کرتا تھا۔

23 نومبر 1986ء کو مجھے پرائیویٹ سیکرٹری مکرم ہادی علی چوہدری صاحب کی طرف سے ایک خط ملا۔ کہ حضور نے مجھے یورپین چیپٹر کا صدر نامزد فرمایا ہے۔ اس طرح یورپین چیپٹر کا آغاز ہوا۔ اور خاکسار کو اس کا پہلا صدر کی حیثیت سے کام کرنے کی توفیق ملی۔ جو پہلی مجلس عاملہ بنائی گئی ان کے نام یہ ہیں۔

پہلی مجلس عاملہ

1۔ عبدالرشید آرکیٹکٹ صدر
2۔ باسط احمد صاحب انجینئر جنرل سیکرٹری
3۔ اعجاز احمد چوہدری صاحب آرکیٹکٹ جوائنٹ سیکرٹری اول
4۔ احمد بنو صاحب انجینئر جوائنٹ سیکرٹری دوم
5۔ عباس خاں صاحب انجینئر فنانس سیکرٹری
6۔ ہاشم سعید صاحب انجینئر جوائنٹ سیکرٹری اول
7۔ رشید سنوری صاحب انجینئر جوائنٹ سیکرٹری دوم
8۔ میجر محمود صاحب Dip Civil تجدید سیکرٹری اول
9۔ طاہر بھٹی صاحب انجینئر تجدید سیکرٹری دوم
10۔ ماحا دابوس صاحبہ (MRS) انجینئر اشاعت سیکرٹری
11۔ ناصر بھٹی صاحب انجینئر ممبر
12۔ بشارت احمد صاحب انجینئر ممبر
13۔ مظفر احمد ملک صاحب انجینئر ممبر
14۔ لطیف خاں صاحب انجینئر ممبر
15۔ نذیر ملک صاحب Dip/Arch ممبر
16۔ خالد خلیل صاحب civil ممبر
17۔ ظفر ایم سید صاحب انجینئر Elec ممبر
18۔ ناصر قریشی صاحب انجینئر ممبر

حضرت خلیفۃ المسیح کے لندن میں ہونے کی وجہ سے دنیا کے سارے ممالک کے ڈویلپمنٹ پروجیکٹ حضور کی خدمت میں بھجوائے جاتے تھے۔ اور ان پروجیکٹ کو لندن میں ہی Deal کرنا ہوتا تھا۔ تاکہ حضور کی منظوری کے بعد واپس ان ممالک کو تکمیل کے لئے بھجوایا جاسکے۔ یہاں یورپ میں احباب بہت زیادہ مصروف ہوتے ہیں۔ اور دوسرے دور دور علاقوں میں رہتے ہیں۔ تو ان سے جماعتی کام کو اس speed سے مکمل کروانے جس speed سے حضور انور مکمل کرنا چاہتے تھے بہت ہی مشکل تھا۔ نتیجۃً صدر یورپین چیپٹر کو ہی زیادہ تر اس کام کو مکمل کر کے حضور کی خدمت میں پیش کرنے کی توفیق ملی۔

یورپین چیپٹر جلسہ سالانہ کے موقع پر اکثر جماعتی کاموں کے فوٹو گراف اور ڈرائنگ کی شکل میں ایک نمائش کا انتظام کرتا ہے۔ لنچ کے وقفہ میں جلسہ کے دوسرے دن ایک جنرل میٹنگ ہوتی ہے۔ جس میں دوسرے ممالک کے احمدی آرکیٹکٹ اور انجینئرز بھی شامل ہو کر تبادلہ خیالات کرتے ہیں۔ ہر سال حضور انور کے ساتھ ایک گروپ فوٹو کا انتظام بھی کیا جاتا ہے۔ یورپین چیپٹر ہر سال اپنے کاموں کے متعلق ایک معیاری میگزین بھی شائع کرتا ہے۔ جس میں حضور کا پیغام شامل ہوتا ہے۔

2000 یورو میگزین کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا ایک پیغام

یہ بہت خوشی کی بات ہے کہ آپ اس سال بھی اپنی ایسوسی ایشن کے کاموں اور نیک مساعی کے ذکر پر مشتمل رسالہ شائع کر رہے ہیں۔ اللہ اسے مبارک کرے۔ ماشاء اللہ سارے احمدی آرکیٹکٹس اور انجینئرز اپنے صدر صاحب کے ساتھ تعاون کر کے بڑی عظیم الشان خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اور بلاشبہ جماعت کے لکھو کھہا ڈالرز ان کی اس طوعی خدمت کی وجہ سے بچ جاتے ہیں۔ جہاں جہاں بھی یہ خدمت کر رہے ہیں اللہ انہیں ان کی خدمتوں کی بہترین جزاء دے اور ان کو بھی بے حد جزاء دے جو وقار عمل کر کے ان کی خدمتوں کو نتیجہ خیز بنانے میں مد ہوتے ہیں۔ والسلام

خاکسار

دستخط۔ مرزا طاہر احمد

خلیفۃ المسیح الرابع

Euro 2003 جو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کا پیغام شائع ہوا اس کا متن یہ ہے۔

”پیارے بھائیو اور بہنو

حضرت مسیح موعود کے درخت کی سرسبز شاخو میں احمدی آرکیٹکٹ اور انجینئرز کو اپنے پیغام کا آغاز اس پیشگوئی سے کرتا ہوں۔ جس میں خدا تعالیٰ نے آپ کو فرمایا۔

”میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے کہ اپنی سچائی کے نور اور اپنے دلائل اور نشانوں کے رو سے سب کا منہ بند کر دیں گے۔“ احمدیوں کو اپنے اپنے پیشے میں عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ ان اعلیٰ معیار کو حاصل کرنا چاہئے۔ احمدی آرکیٹکٹ اور انجینئرز کو ایک نیا اعلیٰ معیار قائم کرنا ہے۔ جس میں سادگی۔ خوبصورتی۔ حقیقت پسندی اور دیانتداری نمایاں ہے۔ جس پر احمدی فخر کر سکیں۔ آپ کو دوسری احمدی جماعتوں کی اس نظریہ سے مدد کرنی چاہئے۔ تاکہ خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ راضی ہو۔

میری دعا ہے۔ کہ خدا تعالیٰ آپ کو اعلیٰ مقام حاصل کرنے کی توفیق دے اور آپ جہاں بھی ہوں خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔

والسلام

مرزا مسرور احمد

خلیفۃ المسیح الخامس

16 July 2003

یورپین چیپٹر کی خدمات

(1) حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشاد پر مختلف سائز کے گھر اور گیسٹ ہاؤسز Standardise کر دئے گئے ہیں۔ جن میں مزید توسیع کی جاسکتی ہے (بغیر کسی توڑ پھوڑ کے) ان کا ایک سیٹ وکالت تبشیر کے دفتر کو دے دیا گیا تھا۔ جس ملک سے بھی گھر یا گیسٹ ہاؤس کے ڈیزائن کی Demand آتی ہے۔ یہ Standard ڈیزائن ان کو بھیج دئے جاتے ہیں۔ ان ڈیزائن کا گرم ممالک کے لئے ایک سیٹ ہے اور سرد ممالک کے لئے دوسرا سیٹ۔

(2) اسی طرح مشن ہاؤسز کے ڈیزائن بنا دئے گئے ہیں۔ جو تین مرحلوں میں مکمل ہو جاتے ہیں۔ چھوٹا ملک پہلے مرحلے کے مشن ہاؤس سے شروع کرتا ہے۔ اور جیسے ضرورت بڑھتی ہے۔ دوسرے مرحلہ کا حصہ مکمل کر لیا جاتا ہے اور اسی طرح تیسرے مرحلہ کی تکمیل آخر میں ہوتی ہے۔ پہلے مرحلہ سے تیسرے مرحلہ تک پہنچنے کے لئے کسی توڑ پھوڑ کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ ان ڈیزائن کی کاپیاں حضور کے ارشاد پر دفتر تبشیر لندن کو دے دی گئی ہیں۔ اور جہاں کہیں بھی نیا مشن ہاؤس بنانا ہو۔ یہ ڈیزائن ان کو بھجوا دیئے جاتے ہیں۔

(3) وقار عمل کے ذریعہ (یورپ کے مختلف ممالک میں جو بلڈنگز خریدی گئیں) ان کو جماعتی ضروریات کے مطابق تبدیلی اور لوکل کونسل سے منظوری کے بعد ملکی قوانین کی روشنی میں مکمل کروایا گیا۔ اس سے جماعت کو کروڑوں روپوں کا فائدہ ہوا۔ ان کاموں کا تذکرہ خلیفۃ المسیح الرابع نے جلسہ سالانہ یو۔ کے میں کئی بار اپنی تقاریر میں فرمایا ہے۔

احمدی دوست جو مختلف ممالک میں ہجرت کر کے آئے ہیں۔ ان کو ان سکیموں پر کام کرنے کی توفیق ملتی رہی ہے۔

(4) بیوت الذکر کے 25 مختلف قسم کے میناروں کے ڈیزائن بنا کر مختلف ممالک میں بھجوا دیئے گئے ہیں۔ کہ اگر وہ اپنے ملک میں ہی بیت الذکر ڈیزائن کر کے بنوانا چاہیں۔ تو ان میناروں میں سے ایک ڈیزائن چن سکتے ہیں۔

(باقی صفحہ 11 پر)

انصار احمد نذر صاحب

فقہ کی چند مشہور کتب کا مختصر تعارف

کتاب الام

مصنف: حضرت امام شافعی

(150ھ-204ھ)

فقہ کے جملہ مسائل پر مشتمل یہ کتاب فقہ کے بارے میں بہت عمدہ ذخیرہ معلومات رکھتی ہے۔ علامہ شیخ خضری بک جو مصر کے ایک بڑے مشہور فقیہ ہیں نے اس کتاب کو انتہائی عظیم قرار دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس کے مثل اس زمانہ میں کوئی اور کتاب نہیں لکھی گئی، عمدہ طرز تحریر اور قوت مناظرہ کے لحاظ سے لاجواب کتاب ہے۔ یہ ایسی کتاب نہیں کہ امام صاحب مسائل بیان کرتے چلے جائیں جیسے کہ امام محمد کی کتابوں کی طرز ہے بلکہ وہ ہر مسئلہ کے ساتھ اس کی دلیل بھی بیان کرتے ہیں اور اکثر اپنے مخالفین کا ذکر کرکے ان پر دلیل قائم کرتے ہیں۔ اس کتاب کا پرانا نام "قدیم" بھی تھا۔ یہ کتاب اہل سنت کے مسلک کی تشریح کے لئے اپنے اندر قیمتی ذخیرہ رکھتی ہے۔

(تاریخ التشریع الاسلامی للخضری بک)

الرسالۃ

مصنف: حضرت امام شافعی

(150ھ-204ھ)

فقہ کی تدوین اور ترتیب کا سہرا اگر حضرت امام ابو حنیفہ کے سر ہے تو اصول فقہ کی تدوین حضرت امام شافعی کی طرف منسوب کی جاتی ہے۔ آپ نے پہلی مرتبہ اصول فقہ کو مدون شکل میں پیش کیا۔

"الرسالۃ" اصول فقہ کی پہلی مدون کتاب ہے جو اگرچہ براہ راست امام شافعی نے نہیں لکھی یہ آپ کے ہی تقریری نوٹس کا مجموعہ ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مختلف مجلسوں میں موصوف نے اپنے شاگرد ربیع بن سلیمان کو یہ نوٹس تحریر کرائے اس لئے بعض مباحث اس کتاب میں تکراری شکل میں موجود ہیں نیز عبارت کا طرز کتابی نہیں۔ "الرسالۃ" کی عبارت بھی پوری طرح مربوط نہیں بلکہ نوٹس کی شکل میں ہے۔

اس کتاب کا اردو میں ترجمہ ہو چکا ہے۔

المبسوط

مصنف: امام محمد بن حسن الشیبانی

امام ابو حنیفہ کے مذہب کا سارا مدار آپ کے شاگرد امام محمد کی کتابوں پر ہے کیونکہ امام صاحب کی کوئی کتاب محفوظ نہیں۔ امام ابو یوسف نے بہت سی کتابیں لکھیں لیکن "کتاب الخراج" کے علاوہ اور کوئی کتاب ہمارے پاس موجود نہیں۔ امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف دونوں کے شاگرد امام محمد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آپ نے نوصد سے زائد تصانیف کیں ان میں سے سب سے اہم کتاب "المبسوط" ہے اس کا انداز یہ ہے کہ امام محمد ایک مسئلہ بیان کرنے کے بعد اس کی فروع میں اتنی دور تک چلے جاتے ہیں کہ پڑھنے والے کے لئے گزشتہ مضمون یاد رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایک مرتبہ امام مزنی سے اہل عراق کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اہل عراق سب سے زیادہ فروعی مسائل میں پڑنے والے ہیں۔

(دیباچہ کتاب المبسوط)

کشف الظنون میں لکھا ہے کہ اولاً امام محمد نے نماز کے مسائل پر مشتمل ایک کتاب "کتاب الصلوٰۃ" کے نام سے لکھی اور پھر "کتاب البیوع" اسی طرح لکھتے لکھتے ایک بڑی کتاب بن گئی جو المبسوط کی شکل میں اب ہمارے پاس موجود ہے۔

شرح عقائد نسفی

یہ کتاب حضرت علی بن سلطان المعروف ملا علی قاری کی تصنیف ہے۔ آپ برصغیر پاک و ہند کے نامور محدث اور فقیہ تھے۔

آپ ہرات میں پیدا ہوئے۔ علماء سے علوم مروجہ حاصل کرنے کے بعد مکہ معظمہ گئے اور وہیں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ آپ سنت نبیؐ کی اتباع کا خاص اہتمام کرتے تھے آپ کی کتب درس نظامی میں شامل ہیں۔

اس کے علاوہ جن کتابوں کی آپ نے شروح لکھیں ان میں سے چند کے نام یہ ہیں۔

(1) شرح فقہ اکبر (2) مرقاۃ شرح مشکوٰۃ (3) شرح جامع صغیر (4) شرح موطا امام محمد

درّ مختار

فقہ حنفی کے معتبر فتاویٰ پر مشتمل یہ کتاب تنویر الابصار کی شرح ہے اور اس کے مصنف محمد علاؤ الدین حصکفی حنفی امام جامع مسجد بنی امیہ و مفتی دمشق ہیں آپ نے اس کتاب کو 1071ھ میں تصنیف کیا اس کی شروح میں سے ردالمختار المعروف بہ شامی نہایت معتبر اور مستند شرح ہے۔ ہندوستان میں اردو زبان میں اس کا ترجمہ "غایۃ الاوطار" کے نام سے تیار ہوا ہے اور اس ترجمے میں بعض مسائل کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔

اس زمانہ کے سب علماء اس بات پر متفق ہیں کہ جس طرح کی تنقیح مسائل اور تصحیح دلائل اس کتاب کے مولف علامہ حصکفی نے کی ہے وہ دوسری کتابوں میں نہیں پائی جاتی حتیٰ کہ باوجود اس کے کہ یہ فتاویٰ پر مشتمل ہے اسے علماء نے مدار مذہب ٹھہرایا ہے اور اس کے مسائل کو مستند سمجھا ہے۔

ردّ المختار علی الدرّ المختار

مصنف: محمد امین الشہیر بابن عابدین

(1198ھ-1252ھ)

الدر المختار و شمس الدین محمد بن عبداللہ حنفی (متوفی 1004ھ) کی کتاب تنویر الابصار کی شرح ہے اس کتاب پر علامہ ابن عابدین نے ردالمختار کے نام سے حاشیہ لکھا۔ حنفی فقہ کی یہ مشہور اور مسلمہ کتاب فتاویٰ شامی کے نام سے مشہور ہے۔ ابن عابدین کی اس کے علاوہ چند تصانیف کے نام یہ ہیں: حاشیہ علی البیھاوی، حاشیہ علی المطول، حاشیہ علی البحر۔

المحلّٰی لابن حزم

مصنف: ابن حزم اندلسی

فقہی مسائل پر مشتمل اس کتاب میں امام ابن حزم نہ صرف ائمہ اربعہ بلکہ اکابر سلف کا مسلک و موقف مع براہین و دلائل بیان کرتے ہیں پھر ان میں سے جس کا مسلک ان کی نظر میں کتاب و سنت سے قریب تر ہوتا ہے اس کو اختیار کرتے ہیں اور دیگر مسالک پر کسی کی اور رعایت ملحوظ رکھے بغیر نقد و جرح کتاب و سنت کے مضبوط دلائل سے پیش کرتے ہیں۔

ان کا موقف ہے کہ دین میں حجت صرف کتاب و سنت ہے اقوال الرجال نہیں۔ ابن حزم ظواہر نصوص پر اعتماد کرتے ہیں اور کسی تاویل کا سہارا لے کر ان سے جان نہیں چھڑاتے خدا کے دین میں وہ شخص واحد کی تقلید کو حرام ٹھہراتے ہیں۔

الاشباہ والنظائر

مصنف: امام جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی

(849ھ-911ھ)

امام جلال الدین سیوطی کا شمار ان ائمہ میں ہوتا ہے جنہوں نے بعد میں آنے والوں کے لئے علم کو محفوظ کیا اور علم کی راہیں متاخرین کے لئے آسان کر دیں۔ آپ کی یہ کتاب فقہ کے اصول و فروع پر مشتمل ہے اور امام شافعی کے مذہب پر لکھی گئی ہے۔ کتب فقہ میں سے یہ ایک مستند اور بلند پایہ کتاب ہے امام سیوطی کے برتر مقام سے ہی اس کتاب کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔

التوضیح والتلویح

علامہ عبیداللہ بن مسعود اور علامہ تفتازانی صدر الشریعۃ علامہ عبیداللہ بن مسعود نے اولاً یہ کتاب التوضیح کے نام سے لکھی اور خود ہی التنقیح کے نام سے اس کی شرح لکھی اور اس طرح اس کا پورا نام یہ ہوا۔ "التوضیح شرح التنقیح"۔ علامہ عبیداللہ 747ھ میں فوت ہوئے تو اس کا حاشیہ آپ کے شاگرد رشید علامہ تفتازانی (متوفی 792ھ) نے لکھا۔ یوں اس کتاب کے متن، شرح اور حاشیہ مل کر اس صورت میں یہ سامنے آئی "التوضیح والتلویح"، اس کی دو جلدیں ہیں۔

مختصر القدوری

مصنف: ابوالحسن احمد بن محمد جعفر البغدادی المعروف بالقدوری (362ھ-428ھ)

مختصر القدوری کا فقہ کی اہم اور آسان ترین کتابوں میں شمار ہوتا ہے اور یہ نام اپنے مصنف امام قدوری کی نسبت سے ہی مشہور ہے۔

علامہ قدوری کا شمار "اصحاب الترجیح من المقلدین" میں ہوتا ہے اس طرح آپ صاحب ہدایہ کے ہم پلہ ہیں آپ اپنے زمانے میں رئیس الحنفیہ تسلیم کئے گئے۔ آپ نے اپنی کتاب میں بعض روایات کو بعض پر ھذا اولیٰ، ھذا اصح اور ھذا اوفق للناس کہتے ہوئے ترجیح دی ہے یہ کتاب عام قبولیت حاصل کر چکی ہے اور درس نظامی میں شامل ہے۔ اس کی عبارت سلیس اور عام فہم ہے آپ کا مسائل بیان کرنے کا انداز یہ ہے کہ آپ پہلے امام ابو حنیفہ کی ایک رائے درج کرتے ہیں اور پھر لکھتے ہیں کہ صاحبین نے اس سے اختلاف کیا ہے یا اتفاق۔

المبسوط للسرخسی

مصنف: شمس الائمۃ محمد بن احمد بن ابی سھل السرخسی

(متوفی 483ھ)

یہ کتاب جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے انتہائی مبسوط کتاب ہے۔ جس میں حنفیوں کے ہر قسم کے مسائل کو جمع کر دیا گیا ہے۔ اس کا شمار حنفیوں کی انتہائی مستند کتابوں میں ہوتا ہے۔ علامہ سرخسی نے اس کتاب کو اس وقت بغیر کسی مطالعہ کے املاء کروایا تھا جب کہ وہ ابھی قید میں تھے۔ تیس جلدوں پر مشتمل "المبسوط" میں مسائل فقہ پر ہر پہلو سے تفصیلی بحث موجود ہے۔

بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع

مصنف: علاؤالدین ابوبکر بن مسعود الکاسانی

(متوفی 587ھ)

امام کاسانی کی اس کتاب کی سب سے اہم خوبی عمدہ ترتیب ہے چنانچہ آپ نے خود اس کے دیباچے میں لکھا ہے کہ اگرچہ فقہ کے موضوع پر ان گنت کتابیں لکھی جا چکی ہیں لیکن سوائے علاؤالدین محمد بن احمد سمرقندی کے کسی نے ترتیب مضمون کی طرف توجہ نہیں کی آپ کا مقصد یہ تھا کہ سہل اور عام فہم ترتیب کی بنیاد پر ایک کتاب لکھی جائے جو علم کا شوق رکھنے والوں کی جستجو کو پورا کرے۔

بدائع الصنائع فقہ حنفی کی مشہور اور اعلیٰ پائے کی کتاب ہے اور سات جلدوں پر مشتمل ہے۔

پھول دار پودے اور جھاڑیاں

رات کی رانی

یہ پاکستان کا ایک مقبول پھول ہے۔ چاندنی راتوں میں یہ پھول پورے شباب پر ہوتا ہے۔ اس کی بھینی بھینی خوشبو پورے آنگن میں پھیل جاتی ہے۔ رات کی رانی کا پھول ایک جھاڑی پر اگتا ہے جس کی اونچائی تقریباً پانچ فٹ ہوتی ہے۔ یہ سدا بہار جھاڑی ہے۔ ایک بار کاشت کردی جائے تو کئی سال تک موجود رہتی ہے۔ رات کی رانی کی جھاڑی سال کے سال اور موسم کے موسم کاشت نہیں کرنی پڑتی۔ یہ سدا بہار ہونے کے علاوہ سخت جان جھاڑی ہے جو ناخوشگوار موسمی حالات کا مقابلہ کرسکتی ہے۔ یہ جھاڑی ہر قسم کی زمین میں کاشت کی جاسکتی ہے۔ یہ جھاڑی پھول دار پودوں کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے بڑھتی ہے اور بڑے مختصر عرصے میں اپنی نشوونما مکمل کرلیتی ہے۔ رات کی رانی کی جھاڑی موسم گرما اور خزاں میں پھول دیتی ہے۔ یہ پھول چھوٹے اور سفید رنگ کے ہوتے ہیں۔ جھاڑی پر پھول گچھوں کی صورت میں لگتے ہیں۔ رات کی رانی کو گملوں اور کیاریوں میں بھی کاشت کیا جاسکتا ہے۔ یہ پھول ان علاقوں میں بڑا کام دیتا ہے۔ جہاں شدید گرمی اور راتیں ویران ہوتی ہیں۔ خزاں کے موسم میں جب بہت سے پھول اپنی زندگی کی بہار ختم کردیتے ہیں تو رات کی رانی ماحول کو معطر اور خوشگوار بناتی ہے۔

نیریم اولینڈر

(Nerium Oleander)

یہ جھاڑی نما پودا اپنی طرز کے تمام پودوں میں خوشنما اور خوبصورت متصور ہوتا ہے۔ اس پودے کا زیادہ سے زیادہ قد نو فٹ ہوتا ہے۔ اگر اس پودے کی زیادہ حفاظت کی جائے تو اس کا پھیلاؤ مزید بڑھ سکتا ہے۔ نیریم اولینڈر سارا سال پھول دیتا ہے۔ اس پودے کی عمر بہت لمبی ہوتی ہے۔ اسے ہر سال زرد، سفید، گلابی اور قرمزی رنگ کے پھول لگتے ہیں۔ اس کی تمام شاخیں پھولوں سے بھری ہوتی ہیں۔ یہ پودا کھلی دھوپ اور آب و ہوا پسند کرتا ہے۔ اس پودے سے نئی شاخیں حاصل کرنے کے لئے ایک بار اپریل کے مہینے میں اس کے تیسرے حصے کو کاٹ دیا جاتا ہے۔ نئی شاخیں پرانی شاخوں سے زیادہ دیدہ زیب ہوتی ہیں۔ نیریم اولینڈر کی جب بھی کوئی شاخ کاٹی جائے اسے کھاد ضرور دیں اور پودے کی آبپاشی ضرور کریں۔ یہ پودا قلموں کے ذریعے پیدا کیا جاتا ہے۔ زرد بندے کے برعکس اس پودے کے تنے اور شاخوں کا رس اور گودا زہریلا ہوتا ہے۔ اسے چوسنے سے پرہیز کرنا چاہئے۔ ایک بار نیریم اولینڈر کاشت کرنے سے کئی سالوں کے لئے پھولوں کی پیداوار کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

چنبیلی

(Jasminum Grandiflower)

چنبیلی جسے گل یاسمین بھی کہا جاتا ہے پاکستان کا قومی پھول ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ جس گلشن میں چنبیلی کا پھول نہ ہو وہ خوشبو کے لحاظ سے بیکار ہوتا ہے۔ گل یاسمین پاکستانیوں کا پسندیدہ پھول ہے۔ اس لئے اس خوشبودار پھول کو قومی پھول کا درجہ دیا گیا ہے۔ یہ ایک سدا بہار پودا ہے۔ اگر اسے ایک بار کاشت کردیا جائے تو پودا دوبارہ کاشت کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ چنبیلی کے پھول ایک جھاڑی نما پودے کو لگتے ہیں۔ یہ جھاڑی کئی سال تک پھول دیتی ہے۔ چنبیلی کی جھاڑی کو موسم سرما میں سفید پھول لگتے ہیں جن کی مہک سے پورا باغ مستفید ہوتا ہے۔ چنبیلی کی خوشبو دنیا بھر میں مشہور ہے۔ چنبیلی کی ایک قسم زرد رنگ کے پھول پیدا کرتی ہے لیکن پاکستان میں چنبیلی کا سفید رنگ پسند کیا جاتا ہے۔ یہ پھول زیادہ تر عورتیں پسند کرتی ہیں۔ چنبیلی کے پھولوں سے گجرے، ہار اور بالوں میں لگانے والے جوڑے تیار کئے جاتے ہیں۔

ہارسنگھار

(Night Flower)

رات کی رانی کی طرح ہارسنگھار ایک خوشبودار پھول ہے جو رات کے وقت بڑی بہار دیتا ہے۔ ہارسنگھار روئیں دار پتوں والی جھاڑی ہے جس کے سفید اور زرد پھول بہت پسند کئے جاتے ہیں۔ یہ بھی سدا بہار اور سخت جان پودا ہے۔ اس پودے پر رات کے وقت پھول آتے اور صبح گر جاتے ہیں۔ اس کی خوشبو دور تک پھیل جاتی ہے اور آس پاس کے مکان بھی مستفید ہوتے ہیں۔ یہ پودا موسم برسات میں قلم کے ذریعے کاشت کیا جاتا ہے۔ ہارسنگھار اگانے میں کسی دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ ایک بار بوئی ہوئی جھاڑی کئی سال تک پھول پیدا کرتی ہے۔ اس کے برعکس موسمی پھول اور گرما میں کاشت ہونے والے گل سال کے سال یا سال میں دو بار کاشت کرنا پڑتے ہیں۔ پھولوں کی جھاڑیاں کاشت کرنے سے نہ صرف مکان کا آنگن پھولوں سے بھر جاتا ہے بلکہ بار بار پھول کاشت کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

بوگن ولیا

پھولوں کی یہ جھاڑی پاکستان میں کاشت کی جاتی ہے۔ ویسے یہ جنوبی امریکہ کا جھاڑی نما پودا ہے جسے کاشت کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوتی۔ بوگن ولیا نامی جھاڑی وہاں کاشت کریں جہاں کھلی دھوپ اور آب و ہوا میسر ہو۔ اگر یہ جھاڑی نما پودا سایہ دار جگہ پر کاشت کیا جائے تو اس کی نشوونما رک جاتی ہے۔ بوگن ولیا دیواروں اور درختوں پر چڑھانے کے لئے کاشت کیا جاتا ہے۔ اسے بطور باڑ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ بوگن ولیا جھاڑی چھوٹے گھر اور بنگلوں کے آنگن میں بوئی جاتی ہے۔ جس سے چھوٹے بنگلے، دیوار کی آرائش ہو جاتی ہے۔ بوگن ولیا جلد بڑھنے والا پودا ہے۔ یہ چند ہفتوں میں جگہ گھیر لیتا ہے۔ یہ جھاڑی نما پودا چھ سات فٹ لمبا ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات اس کی لمبائی اس سے بھی بڑھ جاتی ہے۔ بوگن ولیا تفریح گاہوں، سڑکوں اور روشوں پر بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ اسے گملوں میں بھی لگایا جاسکتا ہے۔ قلموں کے ذریعے اگے پودے بڑے گملوں میں اگائے جاتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر بوگن ولیا پر پھول آنے سے دو تین ماہ قبل آبپاشی بند کردی جائے تو اس کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔ دوبارہ آبپاشی کرنے سے نئے زیادہ خوبصورت پتے نکلتے ہیں جو خوشنما نظر آتے ہیں۔ بوگن ولیا کو کئی رنگ کے پھول لگتے ہیں۔ بعض جھاڑیوں میں ایک سے زیادہ رنگ ہوتے ہیں۔ اگر بوگن ولیا حد سے بڑھ رہی ہو تو اس پودے کی چھدرائی کرنا پڑتی ہے۔

کمیلیا

(Camellia Japonica)

یہ پودا بہت کم رفتار سے بڑھتا ہے۔ جھاڑی نما پودا ہونے کے باعث نہ صرف ایک سال بلکہ کئی سال پھول دیتا ہے۔ یہ پودا ان گھروں میں لگایا جاتا ہے جو زیادہ پھول اور پتے پسند نہیں کرتے۔ کمیلیا دیگر جھاڑی دار پودوں کے برعکس زرخیز زمین میں کاشت کرنا پڑتا ہے۔ اگر زمین زرخیز نہ ہو تو اس کے بڑھنے کی رفتار اور بھی کم ہو جاتی ہے۔ اس پودے کے پتے گہرے سبز اور چمکدار ہوتے ہیں۔ ان پتوں کا اپنا حسن ہے جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ کمیلیا کے پھول بڑے خوش رنگ اور خوبصورت ہوتے ہیں۔ پھولوں کا یہ پودا بیج اور قلموں سے کاشت کیا جاتا ہے۔ کمیلیا کے پودے ڈھلوان پر کاشت کئے جاتے ہیں۔ سست رفتار نشوونما کے باعث یہ پودا زیادہ کاشت نہیں کیا جاتا۔

زرد بندے

(Wood Creeper)

پاکستان میں بعض جھاڑی نما پودے بیرونی ممالک سے درآمد کئے گئے ہیں۔ ان میں انگلستان، فرانس، امریکہ کے پودے شامل ہیں۔ زرد بندے کا پودا جسے ووڈ کریپر کہا جاتا ہے آسٹریلیا سے درآمد کیا گیا ہے۔ اس کا قد دوسرے جھاڑی نما پودوں سے چھوٹا ہے۔ لیکن یہ سدا بہار جھاڑی ہے جسے ہر سال کاشت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ پودا کئی سال تک پھول اگاتا اور گھروں کی آرائش میں اضافہ کرتا ہے۔ اسے گھر کی دیواروں کی آرائش کے لئے کاشت کیا جاتا ہے۔ یہ بڑی تیزی سے بڑھتا ہے اور تھوڑے عرصے میں دیوار پھاند لیتا ہے۔ زرد بندے کا جھاڑی نما پودا ان گھروں کی دیواروں پر چڑھایا جاتا ہے جو چھوٹے ہوں۔ یہ جھاڑی نما بیل نو فٹ تک پھیلتی ہے۔ بعض اوقات اس کا پھیلاؤ اس سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ اس بیل کو شروع میں سہارا دینا پڑتا ہے ورنہ یہ زمین پر گر جاتی ہے اور گری ہوئی بیل کیڑے مکوڑوں کا شکار ہو سکتی ہے۔ اس پودے کو زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے پھول لگتے ہیں۔ اس کے پھول کا گودا میٹھا ہوتا ہے جسے بچے بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ آسٹریلیا کا یہ جھاڑی نما پودا اب پاکستان میں روز بروز مقبول ہو رہا ہے۔

انڈیکا

(Lagerstroemia Indica)

